© rasailojaraid.com



# چینی سکالرز کے وفد کی آمد

چینی مسلمانوں کے ۱۳ رکنی وفد نے جناب شوکت امین، نائب گورنر، سینکیانگ کی سربراہی میں مورخہ ۸ مارچ ۲۰۱۱ء کو اسلامی نظریاتی کونسل کا دورہ کیا۔ یہ وفد علماء، ائمہ مساجد، خطبا، مذہبی سکالرز اور صوبہ سینکیانگ کے مذہبی امور کمیشن کے سینئر عہدیداران پر مشتمل تھا۔ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل جناب مولانا محمد خان شیرانی نے مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل اور مذہبی امور کمیشن سینکیانگ، چین کے درمیان باہمی وفود کے تبادلے سے دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور دونوں ممالک کے عوام کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے محبت بڑھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام دیگر ادیان کی طرح امن، سلامتی، محبت اور دوستی کا درس دیتا ہے اور تمام مذاہب میں مشترکہ قدریں پائی جاتی ہیں جو بین الاقوامی تعلقات کی اساس ہیں۔

جناب شوکت امین، نائب گورنر سینکیانگ، چین نے اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین جناب مولانا محمد خان شیرانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاک چین دوستی کے۔ ٹو پہاڑ سے اونچی اور سمندر سے زیادہ گہری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سینکیانگ میں تمام چھ مذاہب کے افراد کو مکمل آزادی حاصل ہے، جہاں ۲۴ ہزر سے زائد مساجد اور ۱۰۰ سے زائد مسلمانوں کے تعلیمی ادارے موجود ہیں۔ سینکیانگ میں جو لوگ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے انہیں حکومتی امداد ملتی ہے اور یہاں حج کا انتظام بہت احسن طریقے سے کیا جاتا ہے۔ ۲۰۱۱ء کو پاک چین دوستی کا سال قرار دیتے ہوئے انہوں نے کونسل کے وفد کو سینکیانگ کے دورے کی دعوت دی۔ نشست کے اختتام پر جناب چیئرمین کونسل کی جانب سے وفد کے ارکان کو قرآن مجید کے نسخوں کے تحائف دیئے گئے۔





© rasailojaraid.com